الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

2564586 :فیکس 2560300-2560400 :فون www.jamiabinoria.net :ویب سائٹ darulifta@gmail.com :ای میل

MODE: **Regular**

Name :	**umme mohid**	Serial No :	**20214**
Address :	**karachi pakistan**	Date :	**8/23/2013**
Subject :	**SWAB-GUNAH**	Contact No:	
Writer :		Email :	

aik shohar apni biwi ko rozmarra ke kharch, rashan wagera ke paise na de ,ya buht tarsa trsa ke de, biwi ka zewar bhi le ke baich de,hatta ke bachy ki dawa ke liye bhi paise se sataye,jab ka uska apna karobar hai to aise shaks ke liye kiya hukam hai?biwi kiya kare ?

ایک شوہر اپنی بیوی کو روزمرہ کی خرچ، راشن وغیرہ کے پیسے نہ دے، یا بہت ترسا ترسا کے دے۔
بیوی کا زیور بھی بیچ دے، حتی کہ بچے کی دوا کیلئے بھی پیسے سے ترسائے، جبکہ اسکا اپنا کاروبار
ہے تو ایسے شخص کیلئے کیا حکم ہے؟ بیوی کیا کرے؟

الجواب حامداً ومصلیاً

بیوی کا نان نفقہ شوہر کے ذمہ واجب ہے لہٰذا باوجود قدرت کے بیوی کو نفقہ نہ دینا بہت بڑا ظلم اور گناہ ہے اور ایسی حالت میں بیوی اسکے مال سے بقدر ضرورت چوری چھپے بھی لے سکتی ہے تاہم اگر سائلہ کا گزران شوہر کے ساتھ مشکل ہو تو وہ اپنے حق کی وصولیابی کیلئے قانونی چارہ جوئی بھی کرسکتی ہے۔

فی الدر المختار - فتجب للزوجة علی زوجها لانها جزاء الاحتباس، وکل محبوس لمنفعة غیره یلزمه نفقته (۳/ص۵۷۲)۔

وتفرض لزوجة الغائب وطفله والویه فی مال له من جنس حقهم عند من یقر به وبالزوجية والولاد اهـ (۳/ص۶۰۵) واللہ اعلم

لعل محمد عفی عنہ
جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی ۱۶
۱۱ جمادی الاولی ۱۴۳۵ھ۔

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۳/۵/۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۳ جمادی الاولی ۱۴۳۵ھ

دار الافتاء [illegible]
۲۰۲۱۴
۲۳/۵/۱۴۳۵ھ

[illegible]
26/3/14